دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

شیڈول برائے رجسٹریشن پرائیویٹ امیدواران بی۔اے، بی ایس سی سالانہ امتحان 2018ء کے لئے رجسٹریشن فارم وصول کرنے کا شیڈول درج ذیل ہے۔

-/1500 روپے سنگل فیس کے ساتھ رجسٹریشن فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ	18-08-2017
سنگل فیس -/1500 + 1000 روپے لیٹ فیس کے ساتھ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ	01-09-2017
ڈبل فیس -/3000 روپے لیٹ فیس کے ساتھ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ	15-09-2017

جس امیدوار کی مستقل رہائش اسلامیہ یونیورسٹی کی حدود (بہاولپور، رحیم یارخان اور بہاولنگر اضلاع) سے باہر کی ہے تو وہ رجسٹریشن فیس کے علاوہ -/1800 روپے مزید برائے یونیورسٹی حدود فیس بھی ادا کرے گا۔

☆ چالان / آن لائن فیس حبیب بینک لمیٹیڈ کی کسی بھی برانچ میں یونیورسٹی اکاؤنٹ نمبر 14730000010403 میں جمع کروائی جا سکتی ہے۔ بی اے/ بی ایس سی سالانہ امتحان 2018 کے پرائیویٹ امیدواران کے لئے اسلامیہ یونیورسٹی نے رجسٹریشن کا طریقہ کار یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk پر مہیا کر دیا گیا ہے۔ امیدوار رجسٹریشن فارم کا پرنٹ حاصل کرنے کے بعد فارم کے کوائف مکمل کر کے ایک عدد تصویر بمعہ مصدقہ نقول ایف اے/ ایف ایس سی رزلٹ کارڈ اور شناختی کارڈ اور چالان کے ساتھ رجسٹریشن فارم دستی/ بذریعہ ڈاک (ڈپٹی رجسٹرار شعبہ ڈائریکٹوریٹ آف پرائیویٹ سٹوڈنٹس عباسیہ کیمپس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور) وصول کیا جائے گا۔

☆ سالانہ امتحان 2016ء یا اس سے قبل انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے والے امیدواران اس رجسٹریشن کے اہل ہوں گے۔ انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2016ء میں دو مضامین یا اس سے زیادہ مضامین میں فیل ہونے والے طلباء و طالبات رجسٹریشن برائے بی اے/ بی ایس سی سالانہ امتحان 2018ء کے لئے نااہل ہونگے۔ (جو امیدوار سالانہ امتحان 2016ء انٹرمیڈیٹ میں ایک مضمون میں فیل ہے اور ضمنی امتحان 2016ء میں اس مضمون کو پاس کر لیا ہے وہ سالانہ امتحان 2016ء کا ایک مضمون فیل والا اصل رزلٹ کارڈ اور ضمنی امتحان 2016ء کے پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل رجسٹریشن فارم کے ساتھ ضرور لف کریں)

☆ میڈیکل کے طلباء و طالبات جو بی ایس سی (صرف انگلش) کے لیے رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں ان کا بی ڈی ایس سیکنڈ پروفیشنل اور بی بی ایس فرسٹ پروفیشنل کا امتحان رجسٹریشن فارم بھیجنے سے قبل پاس ہونا ضروری ہے۔ اور رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل بمعہ یونیورسٹی کا اجازت نامہ/ این او سی مہیا کرنا ضروری ہے۔ جو امیدوار ان نرسنگ کی بنیاد پر بی ایس سی (انگلش، اسلامیات اور مطالعہ پاکستان) کے لیے رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں ان کے لیے نرسنگ اور مڈوائفری کا امتحان رجسٹریشن فارم بھیجنے سے قبل پاس ہونا ضروری ہے۔ فارم کے ہمراہ نرسنگ اور مڈوائفری کا بورڈ سے جاری کردہ ڈپلومہ کی مصدقہ نقول منسلک کرنا ضروری ہے۔ دینی مدارس سے فارغ التحصیل طلباء و طالبات (HEC) سے مساوی سرٹیفکیٹ حاصل کر کے مصدقہ نقول ضرور لف کریں۔

☆ رجسٹریشن فارم کے ہمراہ انٹرمیڈیٹ یا مساوی قابلیت کی مصدقہ نقل منسلک کریں۔ A لیول کی صورت میں مساوی قابلیت کا سرٹیفکیٹ IBCC سے حاصل کرنا ضروری ہے۔ شناختی کارڈ/ نادرا سے جاری شدہ ب فارم کی مصدقہ نقل اور مصدقہ تصویر منسلک کرنا ضروری ہے۔

☆ جس امیدوار نے بہاولپور تعلیمی بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا ہے تو وہ امیدوار اس متعلقہ بورڈ/ یونیورسٹی کا اصل این او سی رجسٹریشن فارم کے ساتھ لف کرے۔ فارم میں دیے گئے مضامین میں سے صحیح مضامین کا انتخاب کریں نامکمل فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

نوٹ۔ دوگنا فیس کے ساتھ رجسٹریشن کروانے کی آخری تاریخ 15-09-2017 مقرر ہے اس کے بعد تاریخ/ شیڈول میں اضافہ نہ ہوگا اور نہ ہی یونیورسٹی کی مقرر کردہ بینک کی برانچیں رجسٹریشن چلان فارم وصول کریں گی۔ امتحان کے لیے داخلہ فارم و فیس کے شیڈول کا اعلان شعبہ امتحانات کی طرف سے بعد میں کیا جائے گا۔

مزید معلومات و رہنمائی کے لئے اسلامیہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk دیکھیں۔

پتہ برائے خط و کتابت: ڈپٹی رجسٹرار ڈائریکٹوریٹ پرائیویٹ سٹوڈنٹ، اولڈ کیمپس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور

رجسٹرار دی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور رابطہ نمبر 0629250235